© rasailojaraid.com



ادارہ

# مسافرانِ آخرت

● حضرت مولانا قاری سعید الرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ: نامور محدث، حضرت مولانا عبدالرحمٰن کیمبل پوری رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند، جامعہ اسلامیہ راولپنڈی کے بانی و مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا قاری سعید الرحمٰن صاحب گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ مرحوم کے دل کا آپریشن ہوا مگر وہ جانبر نہ ہو سکے اور اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ مولانا مرحوم نے بھرپور دینی و سیاسی زندگی گزاری۔ جمعیت علماء اسلام میں شامل رہے، حضرت مولانا مفتی محمود رحمہ اللہ کے دستِ راست اور راولپنڈی میں ان کے میزبان تھے۔ جنرل ضیاء الحق مرحوم کی مجلس شوریٰ میں رہے، وزیر مذہبی امور کا قلم دان سنبھالا مگر مدرسہ سے تعلق اور تدریسِ حدیث کی سعادت انہیں مرتے دم تک حاصل رہی۔ آج کل پاکستان شریعت کونسل کے مرکزی رہنما تھے۔ ان والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ، جانشین امیر شریعت مولانا سید ابوذر بخاری اور مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمہم اللہ کے استاذ تھے۔ حق تعالیٰ اُن کے حسنات قبول فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ (آمین)

● مولانا خورشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ: پاکستان میں تحریکِ خلافت کے بانی، عالم دین، محقق اور منجھے ہوئے خطیب و انشاء پرداز تھے۔ ہنس مکھ اور باوقار چہرہ، کردار کے اجلے، قول کے سچے اور عمل کے کھرے انسان تھے۔ گزشتہ ماہ مختصر علالت کے بعد لاہور میں انتقال کر گئے۔ مرحوم، داعیٔ خلافت بھی تھے اور داعیٔ اتحاد بھی۔ جب کبھی کسی مشترکہ اجلاس یا کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی وہ پورے خلوص کے ساتھ اس میں شریک ہوئے۔ اللہ تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے۔ (آمین)

● پیر جی مولانا عبدالوحید رحمۃ اللہ علیہ: حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوری قدس سرہٗ کے خلیفۂ مجاز حضرت پیر جی عبداللطیف رحمۃ اللہ علیہ (چیچاوطنی) کے فرزند، گزشتہ ماہ عارضۂ قلب سے انتقال فرما گئے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائیں۔ (آمین)

● محمد الیاس مرحوم: مولانا سمیع اللہ صاحب (اسلام آباد) کے جواں سال فرزند

● اللہ دتہ مرحوم: مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن، انتقال: ۲؍جولائی ۲۰۰۹ء

● اہلیہ مرحومہ، حافظ محمد اکرم احرار (میراں پور، میلسی) انتقال: ۱۰؍جولائی ۲۰۰۹ء

● دادی مرحومہ، مولوی کریم اللہ (ظاہر پیر، ضلع رحیم یار خان) ● والدہ مرحومہ، حافظ محمد صدیق مظہر (ڈیرہ غازی خان)

● شیخ نیاز احمد مرحوم (مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے امیر شیخ نسیم الصباح کے ماموں)

● اہلیہ مرحومہ، رب نواز صاحب/ والدہ مرحومہ، احمد صاحب تلہ گنگ

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ حق تعالیٰ سب کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com